سوال

منافقین کے نام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مفتی صاحب یہ جو مشہور ہے کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین کے نام لے لے کر انہیں مسجد سے نکال دیا تھا۔ کیا یہ سچ ہے اگر سچ ہے تو فرمائیں کہ کون کون سے نام تھے اوران کا ثبوت کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرے علم کے مطابق ایسی کوئی روایت ثابت نہیں ہے جس میں ایسا تذکرہ ہو، صرف ایک آدمی رئیس المنافقین عبد اللہ بن ابی کا نام ملتا ہے ،اس کے علاوہ نبی کریم نے کسی کے بارے میں نہیں بتایا کہ وہ منافق ہے۔ ہاں البتہ آپ نے صحابی رسول سیدنا حذیفہ بن یمان کو نام بتلائے تھے لیکن لوگوں کو بتانے سے منع فرما دیا تھا۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد01